علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہِ اقبالیات)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس اقبالیات (9437) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس

(ہدایت نامہ برائے طلباء)

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔ البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ میں) LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی ذمے داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، اسٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ1تا5)

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1- علامہ اقبال کی پہلی بیوی کا کیانام ہے؟

2- علامہ اقبال کی وہ کون سی کتاب ہے جوان کی وفات کے بعد شائع ہوئی؟

3- علامہ اقبال کے پہلے اُردو شعری مجموعے کا کیانام ہے؟

4- علامہ اقبال کا پہلا فارسی شعری مجموعہ کس سال شائع ہوا؟

5- نظم "طلوعِ اسلام" اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

6- علامہ اقبال نے "بیرسٹر ایٹ لاء" کی ڈگری کس ملک سے حاصل کی؟

7- "پیامِ مشرق" کے پہلے حصے کا کیانام ہے؟

8- مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق کس سال شائع ہوئی؟

9- پی ایچ ڈی میں اقبال کے نگران کون تھے؟

10- شعر مکمل کریں: "ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں"

سوال نمبر2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ (10+10=20)

(الف) اقبال کی ابتدائی شاعری کے موضوعات (ب) اقبال کے اساتذہ کرام (ج) ایران میں اقبال کی مقبولیت

سوال نمبر3۔ علامہ اقبال کے نظریہ وطنیت وملت کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ علامہ اقبال کی سیاسی خدمات پر مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ علامہ اقبال کی تصانیف "بانگِ درا" اور "زبورِ عجم" میں سے کسی ایک کا مکمل تعارف پیش کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ6تا9)

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1- علامہ اقبال نے اپنے شعری مجموعے "ضربِ کلیم" کا پہلے کیا نام تجویز کیا تھا؟

2- علامہ اقبال کی نظم "ذوق وشوق" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

3- علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

4- علامہ اقبال کے "فلسفۂ مردِ مومن" کی وضاحت کے لیے کوئی شعر درج کیجیے۔

5- شاعری کی اصطلاح میں "ردیف" کسے کہتے ہیں؟

6- "گلشن رازِ جدید" علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے کا حصہ ہے؟

7- شاعری کی اصطلاح میں حسن مطلع کسے کہتے ہیں؟

8- "اسرار ورموز" میں اقبال کے کون سے دو شعری مجموعے یکجا ہیں؟

9- علامہ اقبال کا شعری مجموعہ "جاوید نامہ" کب شائع ہوا؟

10- شعر مکمل کریں: "کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں"

سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ (10+10=20)

(الف) نظم "صبح" کا تعارف (ب) "ارمغانِ حجاز" کا تعارف (ج) اقبال کا فلسفہ سخت کوشی

سوال نمبر 3۔ علامہ اقبال کی اُردو شاعری کی خصوصیات لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ علامہ اقبال کے شعری مجموعے "پیامِ مشرق" کا مکمل تعارف پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ "خودی" کیا ہے؟ فرد کی تعمیر میں "خودی" کا کیا کردار ہے؟ (20)